# آپ کے طریقۂ کار کے لئے تیاری

**Inova Loudoun Hospital**

## خوش آمدید

اپنے آنے والے طریقۂ کار کے لئے Inova Loudoun Hospital کو منتخب کرنے پر آپ کا شکریہ۔ ہم ایک محفوظ ماحول میں اعلی ترین معیار کی نگہداشت فراہم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ Inova Loudoun Hospital میں، آپ کا علاج ہمیشہ ہمدردی اور فکرمندی کے ساتھ کیا جائے گا۔

اس رہنما میں اس تعلق سے معلومات فراہم کی گئی ہیں کہ آپ کے طریقۂ کار کے لئے تیاری کیسے کرنی ہے، آپ کے اسپتال پہنچ جانے پر کیا امید کرنی ہے اور جراحت کے بعد آپ کی نگہداشت کے لئے کیسے منصوبہ بندی کرنی ہے۔ اگر آپ کے اضافی سوالات ہوں تو، برائے مہربانی اپنے طریقۂ کار سے پہلے آپ کا انٹرویو کرنے والے سرجن یا نگہداشت ٹیم کے رکن سے بات کریں۔

### آپ کے اولین اقدامات

آپ کے طریقۂ کار کا وقت طے ہو جانے کے بعد، آپ کو اپنے ماقبل جراحت انٹرویو کا وقت طے کرنے کے لئے Inova Pre-Procedural Evaluation Clinic کی جانب سے ایک کال موصول ہو گی۔

- ماقبل جراحت انٹرویو میں عام طور پر 30 سے 90 منٹ لگتے ہیں اور وہ آپ کی ضروریات کے اعتبار سے فون پر یا بالمشافہہ ملاقات کے ذریعہ ہو سکتا ہے۔
- اگر آپ کو وقت طے کرتے وقت کسی مترجم کی ضرورت ہو تو برائے مہربانی ہمیں بتا دیں۔

آپ کے انٹرویو یا ملاقات کے دوران، نگہداشت ٹیم کا ایک رکن:

- آپ کی طبی تاریخ اور دواؤں کا جائزہ لے گا
- جراحت سے پہلے آپ کو ضرورت پڑنے والی کسی بھی جانچ کی تعیین کرے گا
- آپ کو اپنے طریقۂ کار اور بے حسی کے لئے تیار کرنے سے متعلق اہم ہدایات فراہم کرے گا
- آپ کے سوالوں کے جواب دے گا

اگر آپ کا وقت کولہے یا گھٹنے کی تبدیلی والی جراحت کے لئے مقرر کیا گیا ہے، تو برائے مہربانی ہمارے مشترکہ کیمپ میں جگہ محفوظ کرانے کے لئے **703.858.6768** یا **703.858.8025** پر کال کریں۔

INOVA®

## ماقبل طریقۂ کار جائزہ کلینک کی تیاری

**ماقبل طریقۂ کار جائزہ کلینک کے اپوائنٹمنٹ کی تاریخ:**

---

**ماقبل طریقۂ کار جائزہ کلینک کے اپوائنٹمنٹ کا وقت:**

---

**Inova Pre-Procedural Evaluation Clinic**
Inova Loudoun Hospital
First Floor, North Tower
44045 Riverside Pkwy.
Leesburg, VA 20176
**P: 703.858.6768**

برائے مہربانی اسپتال میں غیرداخل مریض  لیب میں داخل ہوں۔

## اپنے انٹرویو یا کلینک ملاقات سے پہلے

**اپنے انٹرویو/ملاقات کی تیاری کرنے کے لئے:**

- ماقبل طریقۂ کار اپوائنٹمنٹ سے متعلق ورک شیٹ مکمل کریں۔ برائے مہربانی اسے اپنے طے شدہ فون انٹرویو کے لیے دستیاب رکھیں یا اسے اپنی ماقبل جراحت ملاقات پر لے کر آئیں۔
- اگر آپ کو MyChart تک رسائی حاصل ہے تو، برائے مہربانی اپنی طبی تاریخ آن لائن مکمل کریں۔ اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کرنے کے لئے، برائے مہربانی **inova.org/mychart** پر جائیں۔

## ماقبل طریقۂ کار جائزہ کلینک کے اپوائنٹمنٹ کی ورک شیٹ

**موجودہ دوائیں بشمول غیرنسخہ جاتی دوائیں، نسخہ جاتی دوائیں، وٹامنز یا الیکٹرولائٹس:**

| دوا کا نام | خوراک | مقررہ وقت |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

**اس سے پہلے کے ایسے طریقہ ہائے کار اور جراحتیں جن میں بے حس کرنے کی ضرورت پڑی تھی:**

---

---

---

---

---

**بنیادی نگہداشت معالج اور دیگر ایسے متخصصین کے نام جنہیں آپ دکھاتے ہیں:**

| معالج کا نام | تخصص | فون نمبر |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

## آپ کے طریقۂ کار سے پہلے اہم ہدایات

اگر آپ کے طریقۂ کار کا وقت پھر سے طے کرنے یا منسوخ کرنے کی ضرورت ہو تو اپنے سرجن سے رابطہ کریں۔ اگر آپ بیمار ہو جائیں یا آپ کو بخار آ جائے، تو برائے مہربانی اپنے طے شدہ طریقۂ کار سے پہلے اپنے سرجن کو کال کریں۔ طریقۂ کار کے دن تک انتظار نہ کریں۔

**درج ذیل ہدایات آپ کی حفاظت کے لئے اہم ہیں۔ برائے مہربانی سبھی ہدایات پر احتیاط کے ساتھ عمل کریں۔**

بے حسی یا تسکین کی ضرورت والے طریقہ ہائے کار سے متعلق خالی پیٹ رہنے کی ہدایات پر حسب ذیل کے مطابق عمل کریں:

| ٹھوس غذائیں | صاف سیال مادے یا یا برف کے ٹکڑے | ماں کا دودھ | شیر خوار کو دیا جانے والا فارمولا | غیر انسانی دودھ |
|---|---|---|---|---|
| جراحت سے پہلے والی رات میں 11 بجے رات کے بعد کوئی ٹھوس غذا نہیں۔ | آپ مقررہ آمد کے وقت سے 2 گھنٹے پہلے تک "صاف" سیال مادے یا برف کے ٹکڑے لے سکتے ہیں۔<br><br>صاف سیال مادوں کی مثالوں میں پانی، سیب کا جوس، اسپورٹس ڈرنکس، جیسے کہ Gatorade، اور بالائی یا دودھ کے بغیر کافی یا چائے شامل ہیں۔ شکر یا میٹھا کرنے والی چیزیں شامل کی جا سکتی ہیں۔ | طے شدہ طریقۂ کار کے وقت سے 4 گھنٹے پہلے چھاتی سے دودھ پلانا لازمی طور پر رک جانا چاہئے۔<br><br>اناج یا گاڑھا کرنے والی اشیاء شامل نہ کریں۔ | طے شدہ طریقۂ کار کے وقت سے 6 گھنٹے پہلے چھاتی سے دودھ پلانا لازمی طور پر رک جانا چاہئے۔<br><br>اناج یا گاڑھا کرنے والی اشیاء شامل نہ کریں۔ | طے شدہ طریقۂ کار کے وقت سے 6 گھنٹے پہلے چھاتی سے دودھ پلانا لازمی طور پر رک جانا چاہئے۔<br><br>اناج یا گاڑھا کرنے والی اشیاء شامل نہ کریں۔ |

- جب تک آپ کے سرجن یا ماقبل طریقۂ کار فراہم کنندہ کی طرف سے مخصوص ہدایات نہ دی جائیں، برائے مہربانی صفحہ 4 پر دی گئی ماقبل جراحت جلد کی تیاری سے متعلق ہدایات پر عمل کریں۔
- جراحت سے 24 گھنٹے پہلے بالوں کو شیو نہ کریں نہ ہی بال صاف کرنے والی مصنوعات استعمال کریں۔
- لوشن، پرفیوم، خوشبودار پانی، اسپرے کی جانے والی مصنوعات یا میک اپ نہ لگائیں۔
- ایک درست باتصویر شناختی کارڈ اور بیمہ کارڈ، ادائیگی کی شکل (چیک، نقد یا کریڈٹ کارڈ) اور فارمیسی کارڈ لے کر آئیں۔
- برائے مہربانی قیمتی سامان اور زیورات گھر پر چھوڑ دیں۔ مصنوعی سوراخ میں پہنے جانے والے سبھی زیورات اور انگوٹھیاں اتار دیں۔
- برائے مہربانی کانٹیکٹ لینس گھر پر چھوڑ دیں۔ اگر آپ عینک پہنتے ہیں تو برائے مہربانی ایک خول لے کر آئیں۔
- برائے مہربانی اپنے سماعت میں معاون آلات کے لئے ایک خول لے کر آئیں جس پر آپ کا نام اور تاریخ پیدائش درج ہو۔
- اگر آپ کو سوتے وقت باربار نیند اچاٹ ہونے کی بیماری ہے اور آپ کے طریقۂ کار کے بعد آپ کو اسپتال میں داخل کیا جائے گا، تو Inova عارضی استعمال کے لئے ایک CPAP فراہم کرے گی۔ اگر آپ کا وقت اسپتال میں غیرداخل مریض طریقۂ کار کے لئے طے کیا گیا ہے، تو آپ اپنی ذاتی CPAP یا BiPAP مشین لے کر آ سکتے ہیں۔
- ڈھیلا ڈھالا اور آرام دہ لباس پہنیں۔
- گھر جانے کے انتظامات کریں۔ آپ کی حفاظت کے لئے، تسکین یا بے حسی کے بعد آپ کو گاڑی چلانے یا پبلک ٹرانسپورٹ اکیلے استعمال کرنے کی اجازت **نہیں دی جائے گی** ۔ اسپتال سے گھر جاتے وقت آپ کے ساتھ ایک ذمہ دار بالغ شخص کا ہونا لازمی ہے۔ اگر آپ پبلک ٹرانسپورٹ یا مشترکہ سواری والی سروس استعمال کرتے ہیں، تو آپ کے ساتھ ڈرائیور **کے علاوہ** کسی ایسے بالغ شخص کا ہونا لازمی ہے جو آپ کے ساتھ گھر جائے۔ ہم یہ بات زور دے کر کہتے ہیں کہ سرجری کے بعد پہلے 24 گھنٹوں تک آپ کو اپنے ساتھ ایک بالغ شخص رکھنا ضروری ہے۔
- اگر دستیاب ہو تو آپ کو اپنی پیشگی ہدایات، تحریری وصیت یا اٹارنی کی اختیاردہی ساتھ لے کر آئیں۔ ہم تاکید کرتے ہیں کہ آپ ایک پیشگی ہدایت اپنے ساتھ رکھیں۔ پیشگی ہدایات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، **inova.org/advancedirective** ملاحظہ فرمائیں۔

اگر مریض نگہداشت سے متعلق فیصلے کرنے سے قاصر ہے، تو برائے مہربانی ایک موزوں بالغ شخص کے مریض کے ساتھ رہنے اور رضامندی فارم پر دستخط کرنے کے لئے دستیاب رہنے کو یقینی بنائیں۔

نام: ______________________________

فون نمبر: ______________________________

## ماقبل طریقۂ کار جلد کی تیاری سے متعلق ہدایات

جراحت کی جگہ پر آپ کے انفیکشن کے خطرے کو کم کرنے کے لئے، جراحت سے پہلے گھر پر اپنی جلد کو کسی جراثیم کش خصوصی صاف کرنے والے مادے سے صاف کرنا بہت اہم ہے۔ برائے مہربانی اپنی جلد کو 4% کلوربیکسیڈائن گلوکوونیٹ (جسے CHG کے طور پر جانا جاتا ہے) سے محفوظ طور پر صاف کرنے سے متعلق نیچے دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

### CHG کہاں ملے گا

آپ کو جراثیم کش محلول CHG خریدنے کے لئے کسی نسخے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ CHG محلول اپنی مقامی دوا کی دوکان پر خرید سکتے ہیں؛ دوا فروش یا ٹیکنیشین سے مدد مانگیں۔ CHG کے کچھ برانڈ ناموں میں Hibiclens, Hibistat, Exidine اور Hex-A-Clens شامل ہیں۔

آپ کو ہر شاور کے لئے دو سے چار اونس محلول کی ضرورت ہوگی۔

### CHG گھر پر کیسے استعمال کریں

- CHG محلول شاور میں استعمال کریں۔ اسے غسل کے ٹب میں استعمال نہ کریں۔
- CHG کو گھر پر مجموعی طور پر دو شاور کے لئے، اپنی جراحت سے پہلے والی شام اور اپنی جراحت کی صبح اسعتمال کریں۔
- **اگر آپ کی ریڑھ کی ہڈی یا جوڑوں کی تبدیلی والی جراحت ہو رہی ہے،** تو CHG گھر پر مجموعی طور پر تین شاور کے لئے، اپنی جراحت سے پہلے دو شاموں کو اور اپنی جراحت کی صبح اسعتمال کریں۔

### CHG محلول سے جلد کیسے صاف کریں

1. اپنے پہلے شام والے شاور کے لئے، سب سے پہلے اپنے آپ کو اپنے معمول کے صابن اور شیمپو سے دھوئیں۔
2. CHG محلول لگانے سے پہلے، اس بات کو یقینی بنا لیں کہ آپ نے اپنے بالوں اور جسم سے معمول کے صابن اور شیمپو کو مکمل طور پر دھو دیا ہے۔
3. شاور کا پانی بند ہونے کی حالت میں، CHG محلول اپنے جسم پر اپنے ہاتھوں سے لگائیں۔ برائے مہربانی اپنے چہرے، بالوں اور شرمگاہ کے حصوں پر نہ لگنے دیں۔
4. جراحت کی جگہ کو تقریباً تین منٹ تک صاف کریں۔ اگر آپ جراحت کے مقام تک نہیں پہنچ سکتے ہیں، تو برائے مہربانی غسل کرنے میں کسی کی مدد حاصل کریں۔ برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ مدد کرنے والے شخص نے مدد کرنے سے پہلے اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح صاف کر لیا ہے۔
5. جب آپ CHG کو اپنی جلد پر لگانا مکمل کر چکے ہوں اور تین منٹ گزر گئے ہوں، تو پانی واپس چالو کریں اور CHG محلول کو اپنے جسم سے دھو دیں۔
6. ایک تازہ، صاف، خشک تولیے سے جلد کو مکمل طور پر خشک کریں۔
7. لوشن، پاؤڈر، پرفیوم یا بدبو دور کرنے والی اشیاء استعمال نہ کریں۔
8. تازہ، صاف پاجامہ یا لباس پہنیں۔
9. **اگر آپ کی ریڑھ کی ہڈی یا جوڑوں کی تبدیلی والی جراحت ہو رہی ہے،** تو اپنے دوسرے شام کے شاور کے لئے اوپر بیان کردہ عمل کو دہرائیں۔
10. آپ کی جراحت کی صبح لیے جانے والے شاور کے لئے، اوپر دی گئی ہدایات پر عمل کریں لیکن معمول کا صابن یا شیمپو استعمال نہ کریں - صرف CHG محلول استعمال کریں۔

### CHG اور بالوں کو صاف کرنا

- CHG کی وجہ سے حال ہی میں شیو کی گئی جلد میں جلن ہو سکتی ہے۔ جراحت سے 24 گھنٹے پہلے بالوں کو شیو نہ کریں نہ ہی بال صاف کرنے والی مصنوعات استعمال کریں۔
- اگر آپ 24 گھنٹے کی ونڈو سے پہلے شیو کرنے کا انتخاب کرتے ہیں، تو برائے مہربانی CHG محلول لگانے سے پہلے شیو کریں تاکہ جلد پر جلن نہ ہو اور کٹے ہوئے بال کے ٹکڑے آپ کی جلد سے نہ چپکیں۔
- اگر آپ کے طریقۂ کار کے لئے بالوں کی صفائی ضروری ہے، تو اسے جراحتی کمرہ میں جراحتی ٹیم کے ذریعہ کیا جائے گا۔

### CHG سے متعلق انتباہات

- اگر CHG استعمال کرنے سے جلد میں سرخی یا جلن ہوتی ہے، تو محلول کا استعمال بند کریں اور اپنے سرجن سے رابطہ کریں۔
- CHG کو اپنے چہرے، بالوں یا شرمگاہ کے حصوں پر نہ لگائیں۔
- CHG محلول صرف شاور میں استعمال کریں۔ اسے غسل کے ٹب میں استعمال نہ کریں۔ اگر آپ کے لئے شاور لینا ممکن نہ ہو، تو مزید ہدایات کے لئے برائے مہربانی اپنے سرجن کے دفتر سے رابطہ کریں۔

**بچہ مریضوں کے لئے:**

- برائے مہربانی ایک چھوٹا کھلونا (مثلاً، گڑیا، کمبل یا کھلونے والا جانور) لے کر آئیں۔
- برائے مہربانی کپڑے کے سامانوں کو اسپتال لانے سے پہلے سبھی کو دھو لیں۔
- اگر آپ بچے کے حقیقی والد/والدہ نہیں ہیں، تو برائے مہربانی سرپرستی سے متعلق دستاویزات لے کر آئیں۔
- آپ کے بچے کے طریقۂ کار کی تیاری کے عمل میں، ہماری چائلڈ لائف ٹیم کے ساتھ طے شدہ اسفار اکثر دستیاب ہوتے ہیں۔ سفر کا وقت طے کرنے کے لئے، برائے مہربانی **706.858.6937** پر کال کریں۔

اگر آپ کے بچے کو مخصوص حسی ضروریات ہیں، تو برائے مہربانی اپنے ماقبل جراحت انٹرویو کے دوران نرس کو مطلع کر دیں۔ آپ کے بچے کے ساتھ بہتر طور پر مواصلت کرنے کی کوشش میں، ہم والدین/سرپرستوں سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ پیرنٹ انٹیک فارم مکمل کریں جس میں بچے کے پسندیدہ مواصلاتی انداز، تحریک پیدا کرنے والی اشیاء، تناؤ پیدا کرنے والی اشیاء اور حسی چنوتیوں کو بیان کیا جاتا ہے۔ **inova.org/prepare** پر ایک سماجی کہانی بھی دستیاب ہے۔

18 سال سے کم عمر کے مریضوں کے لئے ضروری ہے کہ سبھی لازمی ماقبل طریقۂ کار جانچ اور طے شدہ طریقۂ کار کے لئے ان کے ساتھ والد/والدہ یا قانونی سرپرست ہو۔ طریقۂ کار کے دن، لازمی ہے کہ سرپرست رضامندی فارم پر دستخط کرنے کے لئے موجود ہو اور پورے طریقۂ کار کے دوران اسپتال میں ہی رہے۔

## آپ کے طریقۂ کار کا دن

آمد کا وقت: ______________________________

طریقۂ کار کی تاریخ: ______________________________

طریقۂ کار کا وقت: ______________________________

## طریقۂ کار کا مقام:

- ☐ Inova Loudoun Hospital
- ☐ Inova Loudoun Ambulatory Surgery Center

## صحت بحالی اور اسپتال سے چھٹی ہو کر گھر جانا

- صحتیابی کی اوسط مدت عام طور پر دو سے چار گھنٹے ہوتی ہے، لیکن جراحت اور ممکنہ ضمنی اثرات کی بنیاد پر یہ مدت مزید لمبی ہو سکتی ہے۔
- اسپتال سے چھٹی سے پہلے، آپ اور آپ کے ساتھی کو آپ کے سرجن کی طرف سے ہدایات اور نسخے فراہم کیے جائیں گے۔ ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ آپ گھر پر اپنی صحت بحالی جاری رکھنے کے لئے اچھی طرح تیار ہیں۔

## آپ کے طریقۂ کار کے بل اور فیسوں کو سمجھنا

- آپ کے طریقۂ کار سے پہلے، Inova کا محکمۂ مالیاتی خدمات درج ذیل امور انجام دے گا:
  - آپ کے احاطہ اور فوائد کی تصدیق کرے گا
  - آپ کے بیمہ کنندہ سے مطلوبہ اختیاردہی حاصل کرے گا
  - آپ کی متوقع مالی ذمہ داری کو سمجھنے میں آپ کی مدد کرے گا
  - کوئی بھی مالیاتی انتظام ترتیب دے گا
- اگر ہم آپ سے رابطہ کر پانے سے قاصر ہیں، تو برائے مہربانی اپنے طریقۂ کار کے دن کسی بھی قابل اطلاق کوپیمنٹ یا کوانشورنس کی ادائیگی کے لئے تیار رہیں۔
- زیبائشی طریقۂ کار کے لئے پیشگی ادائیگی کی جانی ضروری ہے۔

### جراحت کے بعد متعدد بل موصول ہونے کی توقع کریں۔

- آپ کے جراحی نگہداشت فراہم کنندگان، جراحت یا طریقۂ کار سے وابستہ اخراجات کے لئے پہلے آپ کی انشورنس کمپنی کو بل کریں گے۔
- آپ کو کسی بھی بقایا بیلنس کا بل موصول گا، جیسے کہ ڈڈکٹبل کی لاگت، کوپیمنٹ یا کوانشورنس۔
- آپ کو جراحتی ٹیم کے فراہم کنندگان سے علیحدہ بل موصول ہوں گے۔ ان میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

**آپ کے اسپتال کا بل:**

- یہ اس اسپتال یا جراحت کے مرکز کی طرف سے ایک سہولت بل ہے جہاں طریقۂ کار یا جراحت انجام دی جاتی ہے۔ اس بل میں فراہم کردہ جراحتی خدمات کے لئے استعمال ہونے والے عملہ، فراہمیوں اور سازوسامان پر آنے والے اخراجات درج ہوں گے۔
- بل کے بارے میں سوالات اور ادائیگیاں براہ راست آپ کے بل پر درج اسپتال/سہولت کو کی جائیں۔ یا، آپ Inova کے سینٹر بلنگ آفس کو **571.423.5750** پر کال کر سکتے ہیں۔
- تخمینوں سے متعلق سوالات کے لئے، برائے مہربانی **703.858.8894** یا **703.858.8899** پر کال کریں۔ ہماری ٹیم کے اراکین پیر تا جمعہ، صبح 8:30 بجے سے شام 4:30 بجے تک آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

**آپ کے سرجن کا بل:**

- اس بل سے متعلق سوالات آپ کے بل پر درج مخصوص سرجن سے پوچھے جائیں۔

**آپ کو بے حس کرنے والے ڈاکٹر کا بل:**

- یہ ایک طریقۂ کار کے دوران آپ کو موصول ہوئیں بے حسی کی خدمات کا بل ہے، جو خدمات ایک بے حس کرنے والے شریک کے ذریعہ فراہم کی گئی تھیں۔
- اس بل سے متعلق سوالات آپ کے بل پر درج مخصوص بے حسی گروپ سے پوچھے جائیں۔

### اہم فون نمبرات

| | |
|---|---|
| اصل اسپتال آپریٹر | 703.858.6000 |
| Inova ماقبل طریقۂ کار جائزہ کلینک | 703.858.6768 |
| مالیاتی صلاح مشورہ | 703.858.8091 |
| Inova سینٹرل بلنگ آفس | 571.423.5750 |

## Inova Loudoun Hospital – لینسڈون کیمپس کا نقشہ




## پارکنگ کی معلومات

**Inova Loudoun Hospital**
44045 Riverside Pkwy., Leesburg, VA

Inova Loudoun Hospital کے کیمپس میں مفت مریض اور زائرین پارکنگ دستیاب ہے۔

Inova Loudoun Hospital میں ایک طریقۂ کار کے لئے وقت دیے گئے مریضوں کو شمالی اسپتال داخل ہونے کا راستہ (44045) کے لئے علامات کی پیروی کرنی چاہئے اور کسی جنوبی پارکنگ لاٹ میں گاڑی پارک کرنی چاہئے۔

Inova Loudoun Ambulatory Surgery Center میں ایک طریقۂ کار کے لئے وقت دیے گئے مریضوں کو شمالی گیراج میں پارکنگ کرنی چاہئے اور 44035 معالجوں کے دفتر کی عمارت سے ہو کر اندر جانا چاہئے۔

Inova Loudoun Hospital میں خادم کی خدمات سے متعلق تازہ ترین معلومات کے لئے، برائے مہربانی **inova.org/visitloudoun** ملاحظہ فرمائیں۔

# آپ کے طریقۂ کار کے لئے تیاری

## Inova Loudoun Hospital

Inova Loudoun Hospital
44045 Riverside Pkwy.
Leesburg, VA 20176

G39277UR